**مساوات اور تنوع کی پالیسی**

# ہر شخص کو شامل کرنے کے بارے میں ہماری پالیسی - چاہے ان کا مذہب، نسل، ثقافت، قومیت یا جنسی رجحان کچھ بھی ہو

اشاعت شدہ: جولائی 2024

ہم ایک ایسی مساوی دنیا بنانا چاہتے ہیں جہاں تمام لڑکیاں ایک مثبت تبدیلی لا سکتی ہیں، خوش اور محفوظ رہ سکتی ہیں، اور اپنی حقیقی صلاحیتوں تک پہنچ سکتی ہیں۔

ہم چاہتے ہیں کہ Girlguiding کے ساتھ ملوث ہر فرد کو ایک بہت اچھا تجربہ حاصل ہو، چاہے وہ کوئی بھی ہوں اور اُن کا تعلق کہیں سے بھی ہو۔

تنوع اور شمولیت کے ضمن میں ہمارے عزائم، اب تک کے ہمارے سفر اور ہمارے منصوبوں کے بارے میں مزید جانیں۔

اس پالیسی پر تمام رضاکاروں اور تمام عملے کو عمل کرنا چاہیے۔

### اس پالیسی میں استعمال شدہ اصطلاحات

**خصوصیات** – کسی شخص کی شناخت کے کچھ حصے۔ مساوات ایکٹ 2010 اس میں بعض خصوصیات کی وجہ سے کسی کے ساتھ امتیازی سلوک کرنا غیر قانونی قرار دیا گیا ہے۔ انہیں تحفظ یافتہ خصوصیات کے طور پر جانا جاتا ہے۔

**شناخت** – لوگ خود کو اور دوسروں کو کس طرح دیکھتے اور اپنے اور دوسروں کے بارے میں کیا سوچتے ہیں۔ لوگ اکثر شناخت کو بیان کرنے کے لیے خصوصیات کا استعمال کرتے ہیں، جیسے جنس، نسل یا جنسی رجحان۔

**تنوع** – اس بات کو یقینی بنانا کہ بہت ساری مختلف خصوصیات، پس منظر، شناخت اور صورتحال سے تعلق رکھنے والے لوگوں کی نمائندگی ہو رہی ہے۔

**انصاف** – سب کو یکساں وسائل یا مواقع فراہم کرنا۔

**مساوات** – اس بات کو مدّنظر رکھتے ہوئے کسی کے ساتھ منصفانہ سلوک کرنا کہ دوسروں کے برابر مواقع حاصل کرنے کے لیے انہیں ذاتی طور پر کن چیزوں کی ضرورت ہے۔ ہر ایک کے حالات مختلف ہوتے ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ ہمیں بعض اوقات لوگوں کو ایک جیسے مواقع دینے کے لیے مختلف طور پر سلوک کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔

**شمولیت** – اس بات کو یقینی بنانا کہ ہر شخص خوش آمدید، قبولیت یافتہ اور قابل قدر محسوس کرے۔

**عملہ** – The Guide Association کے زیرِ ملازم شخص، چاہے وہ ایک مستقل ملازم ہو، مقررہ مدت کے لیے ملازم ہو یا معاہدہ پر کام کر رہا ہو۔

**رضاکار** - وہ تمام افراد جو بلا معاوضہ اپنا وقت Girlguiding کو دیتے ہیں۔

**پالیسی کا بیان**

ہم تمام لڑکیوں اور نوجوان خواتین کی مدد کرنے کے لیے حاضر ہیں اور ہم ان کی صلاحیتوں کو فروغ دینے اور انہیں پورا کرنے میں ان کی مدد کر رہے ہیں۔ اس کام کا ایک بڑا حصہ یہ یقینی بنانا ہے کہ ہم سب کو اپنے ساتھ شامل کریں۔ ہم مختلف تجربات اور خصوصیات کی قدر کرتے ہیں اور ان کو قبول کرتے ہیں۔ ہم چاہتے ہیں کہ ہر لڑکی کو حیرت انگیز کام کرنے کا موقع ملے، چاہے وہ کوئی بھی ہو اور اُس کا تعلق کہیں سے بھی ہو۔

مساوات، تنوع اور شمولیت کے لیے ہمارے عزم کے تحت ہمیں ایک ایسی جگہ بننا ہے جہاں ہر کسی کا خیرمقدم کیا جاتا ہو، سب اپنے طور پر آزاد ہوں اور ہر کوئی مساوی طور اس جگہ سے تعلق کا احساس رکھتا ہو۔

مساوات ہماری حکمتِ عملی کے لیے کافی اہم ہے۔ اس سے مراد اس بات کو تسلیم کرنا ہے کہ ہر کوئی مختلف ہے – اس لیے بعض اوقات لوگوں کو ایک جیسے مواقع دینے کا مطلب ان کے ساتھ مختلف سلوک کرنا ہوتا ہے۔ ہم یہ توقع رکھتے ہیں کہ Girlguiding میں ہر ایک کے ساتھ منصفانہ سلوک کیا جائے گا اور وہ دوسروں کے ساتھ بھی منصفانہ سلوک کریں گے اور ہمیشہ مساوات کو ذہن میں رکھیں گے۔ مثال کے طور پر، اگر کسی رضاکار کی نظر کمزور ہے تو اُسے بڑے پرنٹ میں ٹریننگ کے دستاویز فراہم کرکے آپ اُس رضاکار کو جملہ مواقع تک مساوی اور منصفانہ رسائی دینے کے لیے اُس کے ساتھ مختلف سلوک کر رہے ہوں گے۔

ہمارے تمام رضاکار ہماری سب کو شامل کرنے کی ٹریننگ تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ یہ ٹریننگ ایسی چھوٹی چھوٹی چیزیں کرنے کے بارے میں عملی مشورے دیتی ہے جو Girlguiding کو ایک زیادہ خوش آئند اور جامع جگہ بنانے میں بڑا فرق ڈالتی ہیں۔

**ہماری توقعات**

ہم Girlguiding میں ہر ایک سے توقع رکھتے ہیں کہ:

- وہ Girlguiding میں سب کے ساتھ عزت اور احترام سے پیش آئیں گے۔
- وہ اس پالیسی کے ذریعہ تحفظ یافتہ کسی بھی خصوصیت کی بنیاد پر کبھی بھی کوئی امتیازی سلوک نہیں کریں گے۔
- وہ ہر اس شخص کو ایک بہتر، دوستانہ ماحول فراہم کریں گے جن کو وہ گائیڈ کرتے ہیں یا جن کے ساتھ وہ Girlguiding میں کام کرتے ہیں۔
- وہ جملہ اختلافات کو تسلیم کرکے اور جہاں ممکن ہو وہاں مناسب ایڈجسٹمنٹ کرکے، Girlguiding کو سب کے لیے ایک خوش آئند اور جامع ماحول بنائیں گے۔
- وہ طریقہ کار کے مطابق پالیسی کی جملہ خلاف ورزیوں کو تسلیم کریں گے اور ان کا جواب دیں گے۔

## وہ خصوصیات جن کا یہ پالیسی تحفظ کرتی ہے

**عمر (+18)**۔ اگر کسی رضاکار یا عملے کے کسی ممبر کے پاس کسی عہدے کے لیے صحیح ہنر اور صلاحیتیں ہیں، تو انھیں ان کی عمر کی وجہ سے نظر انداز نہیں کیا جانا چاہیے۔ آپ اس بارے میں مزید معلومات ہماری رضاکاروں کی بھرتی اور جانچ پڑتال والی پالیسی اور ہماری یونٹ گائیڈنگ اور سیکشنز والے ویب پیج پر حاصل کر سکتے ہیں۔

**دیکھ بھال کی ذمہ داریاں**۔ کسی کو بھی اس وجہ سے امتیازی سلوک کا سامنا نہیں کرنا چاہیے کیونکہ ان کے پاس کسی کی دیکھ بھال کی ذمہ داریاں ہیں اور اس میں کسی معذور شخص، بوڑھے شخص یا بچوں کی دیکھ بھال کرنا شامل ہے۔ کیئررز اور نوجوان کیئررز کو شامل کرنے کے حوالے سے ہمارے مشورے پر ایک نظر ڈالیں۔

**چائلڈ اِن کیئر**۔ نوجوان مبران کو اس وجہ سے امتیازی سلوک کا سامنا نہیں کرنا چاہیے کیونکہ وہ کسی مقامی اتھارٹی کی دیکھ بھال میں رہ رہے ہیں یا رہ رہے تھے۔ چائلڈ اِن کیئر والے بچوں کو شامل کرنے کے بارے میں ہمارا مشورہ پڑھیں۔

**معذوری**۔ ہم معذور رضاکاروں، ممبران اور عملے کے اراکین کی مدد کے لیے معقول ایڈجسٹمنٹ کرنے کے لیے پُر عزم ہیں تاکہ اُنہیں بھی دوسروں کی مانند مواقع اور تجربات حاصل ہوں۔ تمام معذور نوجوان ممبران کو دوسری لڑکیوں کی ہی طرح وسیع اور متوازن پروگرام اور تجربات سے لطف اندوز ہونے کا موقعہ ملنا چاہیے۔ اس بارے میں ہمارے معذور ممبران کو شامل کرنا والے ویب پیج پر مزید جانیں۔

**جنس کی تبدیلی**۔ یہ ایک ایسی تحفظ یافتہ خصوصیت ہے جس سے مراد ٹرانس افراد ہیں (یعنی وہ لوگ جن کی جنس پیدائش کے وقت متعین کی گئی جنس سے مطابقت نہیں رکھتی)۔ اگر کوئی شخص کہتا ہے کہ وہ اپنی جنس کو تبدیل کرنے کے عمل سے گزرنے کے بارے میں سوچ رہا/ رہی ہے، گزر رہا/رہی ہے، یا گزر چکا/چکی ہے تو پھر اُن

کے پاس جنسی تبدیلی کی تحفظ یافتہ خصوصیت موجود ہے۔ جنس کی تبدیلی ایک طبی عمل نہیں بلکہ ایک ذاتی عمل ہے۔ ہمیں ایک ٹرانس کو شامل کرنے والی تنظیم ہونے پر فخر ہے۔ گائڈنگ میں ٹرانس افراد کے لیے ہمیشہ ایک خوش آئند اور محفوظ جگہ دستیاب رہے گی اور ہمارے پاس اس بارے میں ہدایات موجود ہیں کہ رضاکار کیسے اس چیز کو ایک حقیقت  بنا سکتے ہیں۔ کسی بھی رضاکار، ممبر یا عملے کے ممبر کے ساتھ اس وجہ سے کم احسن سلوک نہیں کیا جانا چاہیے کیونکہ وہ ٹرانس ہیں۔

**شادی شدہ یا سول پارٹنرشپ کی حیثیت۔** 16 سال سے زیادہ عمر کے رضاکاروں، عملے، اور ممبران کے ساتھ ان کے شادی شدہ ہونے یا سول پارٹنرشپ میں ہونے کی وجہ سے کوئی بھی مختلف سلوک نہیں کیا جانا چاہیے۔ اس بارے میں ہمارے شادی اور سول پارٹنرشپ کے ویب پیج پر مزید جانیں۔

**حمل اور زچگی۔** کسی بھی رضاکار، ممبر یا عملے کے ممبر کے ساتھ بغیر کسی مناسب وجہ کے (جیسے صحت اور حفاظت سے جڑا کوئی خطرہ) محض اس وجہ سے کم احسن سلوک نہیں کیا جانا چاہیے کیونکہ وہ حاملہ ہیں، اپنا دودھ پلاتی ہیں یا وہ حال ہی ماں بنی ہیں۔ اُن کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے تمام عملی تبدیلیاں کی جانی چاہییں۔

**نسل۔** ہم جانتے ہیں کہ صرف نسل پرستانہ نہ ہونا ہی کافی نہیں ہے – ہمیں فعال طور پر نسل پرستی کے خلاف ہونا پڑے گا۔ ہم سب کو فعال طور پر نسل پرستی کے خلاف ہونے اور سب کو شامل کرنے اور دوسروں کی دیکھ بھال کرنے کی اپنی اقدار کو زندہ رکھنے میں اپنا کردار ادا کرنا ہے۔ نسل سے ہماری مراد رنگ، قومیت، اور نسلی یا قومی پس منظر ہے

مہاجرین اور پناہ گزین افراد۔ Girlguiding میں کسی کے ساتھ بھی اس وجہ سے کم احسن سلوک نہیں کیا جانا چاہیے کیونکہ وہ مہاجر یا پناہ گزین ہیں۔ مہاجر اور پناہ گزین ممبران کی مدد کرنے کے بارے میں مزید جانیں۔

**مذہب یا عقیدہ (جس میں کوئی بھی مذہب یا عقیدہ نہ ہونا بھی شامل ہے)۔** Girlguiding تمام مذاہب اور فلسفیانہ عقائد کے حامل افراد کے لیے کھلا ہے اور ان لوگوں کے لیے بھی جو کسی مذہب یا عقیدے پر عمل نہیں کرتے۔ تاہم مذہبی یا فلسفیانہ عقائد کے تمام اظہار Girlguiding کے ضابطہ اخلاق، پالیسیوں اور اقدار کے مطابق ہونے چاہیے۔ آپ ہمارے مذہبی اختلافات اور رہنمائی والے ویب پیج پر مذہب کے بارے میں مزید معلوماتحاصل کر سکتے ہیں۔

**جنسی رجحان۔** ہم اختلافات کو تسلیم کرتے ہیں اور یقین رکھتے ہیں کہ تمام ممبران، رضاکاروں اور عملے کو بغیر کسی امتیاز کے اپنی شناخت پر فخر ہونا چاہیے۔ Girlguiding میں کسی کے ساتھ بھی ان کے جنسی رجحان کی بنیاد پر کم احسن سلوک نہیں کیا جانا چاہیے۔ مزید معلومات کے لیے اس ضمن میں ہماری ہدایات ملاحظہ کریں کہ ہم جنس پرست خواتین، ہم جنس پرست افراد اور بائی سیکسوئل ممبران کی مدد کیسے کرنی ہے۔

**جنس، (سوائے اس کے کہ ہم ایک ٹرانس کو شامل کرنے والے، صرف لڑکی والا ادارہ ہیں)۔** ہم یہ مانتے ہیں کہ چونکہ ہم ایک لڑکیوں کی فلاحی تنظیم ہیں اور ہماری قیادت لڑکیاں اور نوجوان خواتین کر رہی ہیں، لہٰذا ہم لڑکیوں اور نوجوان خواتین کی ضروریات کو سب سے بہتر طریقے سے پورا کرتے ہیں۔ یہ ہمارے رائل چارٹر کا بھی ایک حصہ ہے (وہ دستاویز جو یہ وضاحت کرتا ہے کہ ہم اپنے کام کیسے کرتے ہیں) اور ہماری تحقیق سے پتہ چلتا ہے کہ ہمارے نوجوان ممبران اس کی حمایت کرتے ہیں۔ اگرچہ ہمارے تمام ملازمتی عہدے سب کے لیے دستیاب ہیں، لیکن صرف لڑکیاں ہی نوجوان ممبر بن سکتی ہیں۔ ہمارے بعض رضاکارانہ عہدے صرف خواتین کے لیے ہی دستیاب ہیں۔ ہمیں زیادہ سے زیادہ جامع بننے میں مدد دینے کے لیے، Girlguiding کی ایک لڑکی اور عورت کی تعریف میں وہ

افراد بھی شامل ہیں جو حیاتیاتی طور پر خواتین ہیں (چاہے وہ اپنی شناخت کیسے بھی کریں) اور وہ افرد بھی شامل ہیں جن کی جنس لڑکی یا عورت ہے (ٹرانس لڑکیاں اور ٹرانس خواتین)۔
**سماجی و اقتصادی حیثیت یا طبقہ**۔ Girlguiding میں کسی کے ساتھ بھی ان کی سماجی و اقتصادی حیثیت یا سماجی طبقے کی وجہ سے کم احسن سلوک نہیں کیا جانا چاہیے۔ ہمیں اس کی بنیاد پر Girlguiding میں حصہ لینے کی راہ میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنے کی کوشش کرنی چاہیے۔ غربت میں رہنے والے ممبران کی مدد کرنے کے بارے میں مزید جانیں۔

## صرف عملے کے لیے

ہم اپنے عملے کے تمام افراد کو اُن کے کام کی مدت کے دوران یکساں مواقع فراہم کرنے – اور امتیازی سلوک کو روکنے – کے لیے پُرعزم ہیں۔ اس میں بھرتی، پروموشن، ٹریننگ کے مواقع، تنخواہ اور فوائد، نظم و ضبط اور فارغ کیے جانے والوں کے انتخاب سے وابسطہ مساوی مواقع فراہم کرنا شامل ہے۔

ہم اپنے عملے کے تمام افراد کی مدد کرنا چاہتے ہیں اور ہم کسی بھی ملازم کو اپنے عہدے کی ذمہ داری ادا کرنے میں مدد کرنے کے لیے معقول ایڈجسٹمنٹ کریں گے۔

ہمارے عملے کے تمام افراد کو مساوات اور تنوع کی ٹریننگ مکمل کرنی ہوگی۔ عملے کے وہ افراد جو بھرتی یا فیصلہ سازی کے ایسے کام کر رہے ہیں جہاں مساوی مواقع فراہم کرنے سے متعلق مسائل سامنے آنے کا امکان ہے، وہ ممکنہ طور پر اپنے عہدے کے مطابق مزید مساوات اور تنوع کی ٹریننگ حاصل کریں گے۔

عملے کے افراد عملے کے انٹرانیٹ پر یا اپنے مینیجر سے اس بارے میں مزید جان سکتےہیں  کہ ہم **اپنے مساوات اور تنوع کے طریقہ کار** میں مساوی مواقع فراہم کرنے کے لیے کیا کرتے ہیں۔

برطانوی بیرونِ ملک کے علاقوں میں رہنے والے ممبران کو اس پالیسی کو لاگو کرتے وقت متعلقہ مقامی قانون سازی کی پابندی کرنی چاہیے۔

### عملے کے ممبران کے لیے متعلقہ دستاویزات اور معلومات

عملے کی شکایات کا طریقہ کار
عملے پر تادیبی کارروائی کا طریقہ کار
عملے کی بھرتی اور انتخاب کی پالیسی
Girlguiding عملے کے لیے سیف گارڈنگ
فلاح و بہبود کے لیے وسائل کا پیک
امتیازی سلوک کی رپورٹ کرنا - جین کو بتائیں